MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)

مدرسة القائم

# شبِ قدر میں دعائے مکارمِ اخلاق پڑھنے کی بہت فضیلت ہے۔۔

## دعاء مکارم الاخلاق

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَبَلِّغْ بِاِيْمَانِيْٓ اَكْمَلَ الْاِيْمَانِ وَاجْعَلْ يَقِيْنِيْٓ

اے معبود رحمت نازل فرما محمد اور ان کی آل پر اور میرے ایمان کو سب سے اعلیٰ درجے پر پہنچا میرے یقین کو

اَفْضَلَ الْيَقِيْنِ وَانْتَهِ بِنِيَّتِيْٓ اِلٰٓى اَحْسَنِ النِّيَّاتِ وَبِعَمَلِيْٓ اِلٰٓى اَحْسَنِ الْاَعْمَالِ

بہترین یقین بنا دے میری نیت کو بہترین نیتوں کی حد تک پہنچا دے اور میرے عمل کو بہترین اعمال کے ساتھ لا دے

اَللّٰهُمَّ وَفِّرْ بِلُطْفِكَ نِيَّتِيْ وَصَحِّحْ بِمَا عِنْدَكَ يَقِيْنِيْ وَاسْتَصْلِحْ بِقُدْرَتِكَ

اے معبود اپنی مہربانی سے میری نیت کو بڑھا دے میرے یقین کو اپنے ہاں درست قرار دے اور جو کچھ بگڑ گیا اسے اپنی

مَا فَسَدَ مِنِّيْ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاكْفِنِيْ مَا يَشْغَلُنِي الْاِهْتِمَامُ بِهٖ

قدرت سے بہتر بنا دے اے معبود رحمت نازل فرما محمدؐ اور ان کی آل پر اور جس چیز کی طرف میں نے توجہ کی ہے اس میں میری مدد فرما

وَاسْتَعْمِلْنِيْ بِمَا تَسْئَلُنِيْ غَدًا عَنْهُ وَاسْتَفْرِغْ اَيَّامِيْ فِيْمَا خَلَقْتَنِيْ لَهٗ وَاَغْنِنِيْ

مجھے اس عمل پر کاربند کر دے جس کے بارے کل تو مجھ سے باز پرس کرے گا مجھے وہ کام کرنے کی مہلت دے جس کیلئے مجھے پیدا کیا ہے

وَاَوْسِعْ عَلَيَّ فِيْ رِزْقِكَ وَلَا تَفْتِنِّيْ بِالنَّظَرِ وَاَعِزَّنِيْ وَلَا تَبْتَلِيَنِّيْ بِالْكِبْرِ

مجھے مال عطا کر اور میرے رزق میں فراوانی کر دے مجھے بے خبری میں نہ ڈال اور عزت دار بنا مجھ کو خود پسندی سے بچا اپنا

وَعَبِّدْنِيْ لَكَ وَلَا تُفْسِدْ عِبَادَتِيْ بِالْعُجْبِ وَاَجْرِ لِلنَّاسِ عَلٰى يَدَيَّ

عبادت گزار بنا اور غرور سے میری عبادت ضائع نہ ہونے دے لوگوں کے لیے میرے ہاتھوں بھلائی کرا

الْخَيْرَ وَلَا تَمْحَقْهُ بِالْمَنِّ وَهَبْ لِي مَعَالِيَ الْأَخْلَاقِ وَاعْصِمْنِي مِنَ

اور اسے احسان جتلانے سے غارت نہ ہونے دے مجھے بلند اخلاق عطا فرما اور گھمنڈ کرنے سے محفوظ

الْفَخْرِ اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَىٰ مُحَمَّدٍ وَآلِهِ وَلَا تَرْفَعْنِي فِي النَّاسِ دَرَجَةً إِلَّا

رکھ اے معبود رحمت نازل کر محمد اور ان کی آل پر مجھے لوگوں میں بلند مرتبہ نہ کر مگر یہ کہ میں

حَطَطْتَنِي عِنْدَ نَفْسِي مِثْلَهَا وَلَا تُحْدِثْ لِي عِزًّا ظَاهِرًا إِلَّا أَحْدَثْتَ لِي

خود کو اتنا ہی کمتر بنا دوں مجھے ظاہری طور پر بڑائی نہ دے مگر یہ کہ مجھ کو باطنی طور پر اپنے

ذِلَّةً بَاطِنَةً عِنْدَ نَفْسِي بِقَدَرِهَا اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَىٰ مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ وَمَتِّعْنِي

نفس کے نزدیک اتنا ہی پست کر دے اے معبود! رحمت نازل کر سرکار محمدؐ و آل محمدؐ پر اور میری بہترین

بِهُدًى صَالِحٍ لَا أَسْتَبْدِلُ بِهِ وَطَرِيقَةِ حَقٍّ لَا أَزِيغُ عَنْهَا وَنِيَّةِ رُشْدٍ لَا أَشُكُّ

رہنمائی فرما کہ اس میں تبدیلی نہ کروں درست روش پر رکھ کہ اس سے ہٹوں نہیں اچھی نیت عطا کر کہ اس میں شک نہ

فِيهَا وَعَمِّرْنِي مَا كَانَ عُمُرِي بِذْلَةً فِي طَاعَتِكَ فَإِذَا كَانَ عُمُرِي

کروں مجھے اس وقت تک زندہ رکھ جب تک تیری فرمانبرداری میں رہوں اور جب میری زندگی پر شیطان حاوی

مَرْتَعًا لِلشَّيْطَانِ فَاقْبِضْنِي إِلَيْكَ قَبْلَ أَنْ يَسْبِقَ مَقْتُكَ إِلَيَّ أَوْ يَسْتَحْكِمَ

ہو جائے تو مجھے اپنی طرف اٹھا لے اس سے پہلے کہ تو مجھ سے ناخوش ہو یا میں تیرے غضب کے

غَضَبُكَ عَلَيَّ اللّٰهُمَّ لَا تَدَعْ خَصْلَةً تُعَابُ مِنِّي إِلَّا أَصْلَحْتَهَا وَلَا عَائِبَةً

حصت آجاؤں اے معبود میرے اندر کوئی بری عادت نہ رہنے دے مگر یہ کہ تو اسے بہتر بنا دے اور کوئی عیب رہنے دے

أُؤَنَّبُ بِهَا إِلَّا حَسَّنْتَهَا وَلَا أُكْرُومَةً فِيَّ نَاقِصَةً إِلَّا أَتْمَمْتَهَا اللّٰهُمَّ صَلِّ

جس پر مجھے پکڑا جائے مگر یہ کہ تو اسے خوبی میں بدل دے اور مجھے اعلیٰ مرتبہ مگر یہ کہ تو اسے کامل کر دے اے معبود رحمت فرما

عَلَىٰ مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ وَأَبْدِلْنِي مِنْ بِغْضَةِ أَهْلِ الشَّنَآنِ الْمَحَبَّةَ وَ

سرکار محمدؐ و آل محمدؐ پر اور دشمنی کرنے والوں کو میرے انیس اور محبت کرنے والے بنا دے سرکشوں

مِنْ حَسَدِ أَهْلِ الْبَغْيِ الْمَوَدَّةَ وَمِنْ ظِنَّةِ أَهْلِ الصَّلَاحِ الثِّقَةَ وَمِنْ

کے حسد کو میرے لیے دوستی میں بدل دے نیک لوگوں کی بدگمانی کو میرے لیے حسن ظن میں تبدیل کر دے جن و

عَدَاوَةِ الْأَدْنَيْنَ الْوَلَايَةَ وَمِنْ عُقُوقِ ذَوِي الْأَرْحَامِ الْمَبَرَّةَ وَمِنْ

انس کی عداوت کو دوستی میں بدل دے مجھے رشتہ داروں کی بدسلوکی سے بچائے رکھ اور قریبی

خِذْلاَنِ الْاَقْرَبِیْنَ النُّصْرَةَ وَمِنْ حُبِّ الْمُدَارِیْنَ تَصْحِیْحَ الْمِقَةِ وَمِنْ رَدِّ

عزیزوں کی بےمددگی کو یاوری میں تبدیل کر دے اچھا برتاؤ کرنے والوں کی محبت کو دوستی کا ذریعہ بنا مکاروں کی

الْمُلاَبِسِیْنَ كَرَمَ الْعِشْرَةِ وَمِنْ مَرَارَةِ خَوْفِ الظَّالِمِیْنَ حَلاَوَةَ الْاَمَنَةِ اَللّٰهُمَّ

کنارہ کشی کو بہترین دوستی میں بدل دے ظالموں سے خوف کی کڑواہٹ کو امن کی مٹھاس سے تبدیل فرما دے اے معبود

صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاجْعَلْ لِیْ یَدًا عَلٰى مَنْ ظَلَمَنِیْ وَلِسَانًا عَلٰى مَنْ خَاصَمَنِیْ

رحمت فرما محمدؐ اور ان کی آل پر اور مجھ کو ظلم کرنے والے پر غلبہ عطا فرما دشمن کے خلاف بولنے کی ہمت دے

وَظَفَرًا بِمَنْ عَانَدَنِیْ وَهَبْ لِیْ مَكْرًا عَلٰى مَنْ كَایَدَنِیْ وَقُدْرَةً عَلٰى مَنِ

مخالف پر فتح نصیب فرما بری تدبیر کرنے والے کا توڑ کرنے کی قوت دے زیر کرنے والے پر مجھ کو غلبہ

اضْطَهَدَنِیْ وَتَكْذِیْبًا لِمَنْ قَصَبَنِیْ وَسَلاَمَةً مِمَّنْ تَوَعَّدَنِیْ وَوَفِّقْنِیْ لِطَاعَةِ

دے عیب جوئی کرنے والے کو جھٹلانے کی ہمت دے دھمکی دینے والے سے بچائے رکھ

مَنْ سَدَّدَنِیْ وَمُتَابَعَةِ مَنْ اَرْشَدَنِیْ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَسَدِّدْنِیْ

سیدھی راہ پر چلانے والے کی اطاعت کی توفیق دے اور رہنمائی کرنے والے کی پیروی کی ہمت دے اے معبود رحمت فرما محمدؐ و ان کی آل پر

لِاَنْ اُعَارِضَ مَنْ غَشَّنِیْ بِالنُّصْحِ وَاَجْزِیَ مَنْ هَجَرَنِیْ بِالْبِرِّ وَاُثِیْبَ مَنْ

اور دھوکہ دینے والے شخص کی خیر خواہی کرنے میں میری مدد کر جو دوری کرے اس سے نیکی کرنے کی ہمت دے جو مجھے محروم کرے اس پر بخشش

حَرَمَنِیْ بِالْبَذْلِ وَاُكَافِیَ مَنْ قَطَعَنِیْ بِالصِّلَةِ وَاُخَالِفَ مَنِ اغْتَابَنِیْ اِلٰى

کرنے کا حوصلہ دے قطع تعلق کرنے والوں کے نزدیک ہو لے اور غیبت کرنے والوں کو اچھائی سے یاد کرنے کی

حُسْنِ الذِّكْرِ وَاَنْ اَشْكُرَ الْحَسَنَةَ وَاُغْضِیَ عَنِ السَّیِّئَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى

توفیق دے نیز نیکی پر شکریہ اور بدی پر چشم پوشی کی ہمت دے اے معبود رحمت کر محمدؐ اور

مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَحَلِّنِیْ بِحِلْیَةِ الصَّالِحِیْنَ وَاَلْبِسْنِیْ زِیْنَةَ الْمُتَّقِیْنَ فِیْ بَسْطِ

ان کی آل پر مجھے نیکوکاروں کے اخلاق سے آراستہ کر اور پرہیزگاروں کے اطوار کا لباس پہنا

الْعَدْلِ وَكَظْمِ الْغَیْظِ وَاِطْفَاۤءِ النَّاۤئِرَةِ وَضَمِّ اَهْلِ الْفُرْقَةِ وَاِصْلاَحِ

عدل کو پھیلانے میں غصہ کو پینے میں جھگڑا ختم کرانے میں بکھرے ہوؤں کو اکٹھا کرنے میں دشمنوں میں صلح

ذَاتِ الْبَیْنِ وَاِفْشَاۤءِ الْعَارِفَةِ وَسَتْرِ الْعَاۤئِبَةِ وَلِیْنِ الْعَرِیْكَةِ وَخَفْضِ

کرانے میں نیکی کو فروغ دینے میں عیبوں کی پردہ پوشی میں نیز نرم روی اور خاکساری میں

الْجَنَاحِ وَحُسْنِ السِّيرَةِ وَسُكُونِ الرِّيحِ وَطِيبِ الْمُخَالَقَةِ وَالسَّبْقِ إِلَى

خوش کرداری اور کسرِ نفس کرنے میں اچھے اطوار اختیار کرنے نیکی و خوبی میں آگے رہنے

الْفَضِيلَةِ وَإِيثَارِ التَّفَضُّلِ وَتَرْكِ التَّعْيِيرِ وَالْإِفْضَالِ عَلَى غَيْرِ الْمُسْتَحِقِّ

اور زیادہ بخشش کرنے کی توفیق دے کسی کو شرمندہ کرنے اور غیر مستحق کو دینے سے بچا

وَالْقَوْلِ بِالْحَقِّ وَإِنْ عَزَّ وَاسْتِقْلَالِ الْخَيْرِ وَإِنْ كَثُرَ مِنْ قَوْلِي وَفِعْلِي

اور سچی بات کہنے کی ہمت دے اگرچہ یہ مشکل ہو اپنی نیکی کو کم تر سمجھوں اگرچہ وہ زیادہ ہو میرے قول و فعل

وَأَكْمِلْ ذَلِكَ لِي بِدَوَامِ الطَّاعَةِ وَلُزُومِ الْجَمَاعَةِ وَرَفْضِ أَهْلِ الْبِدَعِ

میں تو یہی میری نیکی میں اضافہ کر کہ ہمیشہ تیری اطاعت کروں امت اسلامی کے ساتھ رہوں اہل بدعت سے الگ جاؤں

وَمُسْتَعْمِلِ الرَّأْيِ الْمُخْتَرَعِ اللَّهُمَّ صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ وَآلِهِ وَاجْعَلْ أَوْسَعَ

اور نئی باتیں گھڑنے والوں سے بے تعلق رہوں اے معبود رحمت فرما محمدؐ اور ان کی آل پر اور قرار دے میرے لیے

رِزْقِكَ عَلَيَّ إِذَا كَبِرْتُ وَأَقْوَى قُوَّتِكَ فِيَّ إِذَا نَصِبْتُ وَلَا تَبْتَلِيَنِّي

وسیع رزق جب میں بوڑھا ہو جاؤں زیادہ طاقت دے جب میں ناتواں ہو جاؤں اور مجھے اپنی عبادت میں

بِالْكَسَلِ عَنْ عِبَادَتِكَ وَلَا الْعَمَى عَنْ سَبِيلِكَ وَلَا بِالتَّعَرُّضِ لِخِلَافِ

سست نہ ہونے دے اور مجھ کو راہ راست سے گمراہ نہ ہونے دے تاکہ تیری محبت کے خلاف کام

مَحَبَّتِكَ وَلَا مُجَامَعَةِ مَنْ تَفَرَّقَ عَنْكَ وَلَا مُفَارَقَةِ مَنِ اجْتَمَعَ إِلَيْكَ

نہ کروں جو تجھ سے دور ہو اس سے نہ ملوں اور جو تیرے قریب ہو اس سے دوری نہ کروں

اللَّهُمَّ اجْعَلْنِي أَصُولُ بِكَ عِنْدَ الضَّرُورَةِ وَأَسْأَلُكَ عِنْدَ الْحَاجَةِ وَ

اے معبود! مجھے ایسا بنا کہ ضرورت کے وقت تیری طرف آؤں اپنی حاجت تجھ سے طلب کروں

أَتَضَرَّعُ إِلَيْكَ عِنْدَ الْمَسْكَنَةِ وَلَا تَفْتِنِّي بِالِاسْتِعَانَةِ بِغَيْرِكَ إِذَا

بے چارگی میں تیرے آگے زاری کروں اور مجھ کو اپنے سوا کسی سے مدد مانگنے کی الجھن میں نہ ڈال جب

اضْطُرِرْتُ وَلَا بِالْخُضُوعِ لِسُؤَالِ غَيْرِكَ إِذَا افْتَقَرْتُ وَلَا بِالتَّضَرُّعِ إِلَى

مجھے پریشانی ہو حاجت کے وقت اپنے سوا کسی سے سوال کی ذلت نہ دکھا خوف کی حالت میں اپنے سوا کسی کے

مَنْ دُونَكَ إِذَا رَهِبْتُ فَأَسْتَحِقَّ بِذَلِكَ خِذْلَانَكَ وَمَنْعَكَ وَإِعْرَاضَكَ

آگے زاری نہ کرنے دے کہ اس طرح کہیں تیری بے توجہی تیری نعمت کی بندش اور تیری بے رخی کا سزاوار نہ بن جاؤں

يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ اللَّهُمَّ اجْعَلْ مَا يُلْقِي الشَّيْطَانُ فِي رُوعِي مِنَ التَّمَنِّي

اے سب سے زیادہ رحم والے اے معبود! ایسا کر کہ شیطان میرے دل میں جو جھوٹی آرزوئیں بدگمانیاں اور

وَالتَّظَنِّي وَالْحَسَدِ ذِكْراً لِعَظَمَتِكَ وَتَفَكُّراً فِي قُدْرَتِكَ وَتَدْبِيراً

حسد پیدا کرتا ہے وہ تیری بڑائی کی یاد تیری قدرت میں غور اور تیرے دشمن کے خلاف اقدام کا ذریعہ

عَلَى عَدُوِّكَ وَمَا أَجْرَى عَلَى لِسَانِي مِنْ لَفْظَةِ فُحْشٍ أَوْ هُجْرٍ أَوْ شَتْمِ

بن جائے اور میری زبان پہ جو دشنام و گالی آئے یا فضول بات یا ہرزگوئی یا جھوٹی گواہی

عِرْضٍ أَوْ شَهَادَةِ بَاطِلٍ أَوِ اغْتِيَابِ مُؤْمِنٍ غَائِبٍ أَوْ سَبِّ حَاضِرٍ وَمَا أَشْبَهَ

یا کسی غیر حاضر مومن کی غیبت یا کسی حاضر کے لیے گالی زبان پر آئے اور ایسی کوئی اور

ذَلِكَ نُطْقاً بِالْحَمْدِ لَكَ وَإِغْرَاقاً فِي الثَّنَاءِ عَلَيْكَ وَذَهَاباً فِي تَمْجِيدِكَ

بات کروں تو اس کی بجائے تیری حمد کرنے لگوں تیری تعریف میں گم ہو جاؤں تیری بزرگی بیان کروں

وَشُكْراً لِنِعْمَتِكَ وَاعْتِرَافاً بِإِحْسَانِكَ وَإِحْصَاءً لِمِنَنِكَ اللَّهُمَّ صَلِّ عَلَى

اور نعمتوں پر شکر بجا لاؤں تیری مہربانیوں کا اقرار کروں اور تیرے احسان گناؤں اے معبود رحمت نازل کر

مُحَمَّدٍ وَآلِهِ وَلَا أُظْلَمَنَّ وَأَنْتَ مُطِيقٌ لِلدَّفْعِ عَنِّي وَلَا أَظْلِمَنَّ وَأَنْتَ

محمدؐ اور ان کی آل پر اور لوگ مجھ پر ستم نہ کریں کہ تو ان کو مجھ سے دور رکھ سکتا ہے میں بے انصافی نہ کروں کہ

الْقَادِرُ عَلَى الْقَبْضِ مِنِّي وَلَا أَضِلَّنَّ وَقَدْ أَمْكَنَتْكَ هِدَايَتِي وَلَا أَفْتَقِرَنَّ

مجھے اس سے روک سکتا ہے میں گمراہی میں نہ پڑوں کہ تو مجھے ہدایت دے سکتا ہے میں محتاج نہ رہوں کہ

وَمِنْ عِنْدِكَ وُسْعِي وَلَا أَطْغَيَنَّ وَمِنْ عِنْدِكَ وُجْدِي اللَّهُمَّ إِلَى

تو کشادگی دے سکتا ہے میں سرکشی نہ کروں کہ مجھے سب کچھ تو نے دیا ہے اے معبود بخشش کی

مَغْفِرَتِكَ وَفَدْتُ وَإِلَى عَفْوِكَ قَصَدْتُ وَإِلَى تَجَاوُزِكَ اشْتَقْتُ

خواہش لے کر آیا ہوں معافی لینے کو حاضر ہوا ہوں تیری طرف سے درگذر چاہتا ہوں

وَبِفَضْلِكَ وَثِقْتُ وَلَيْسَ عِنْدِي مَا يُوجِبُ لِي مَغْفِرَتَكَ وَلَا فِي عَمَلِي

تیرے کرم پر بھروسہ رکھتا ہوں اور میرے پاس کوئی ذریعہ نہیں کہ جس سے تو مجھے بخشے یا عمل ایسا نہیں

مَا أَسْتَحِقُّ بِهِ عَفْوَكَ وَمَا لِي بَعْدَ أَنْ حَكَمْتُ عَلَى نَفْسِي إِلَّا فَضْلُكَ

کہ تو مجھے معافی دے اور جب میں خود کو قابل سزا سمجھتا ہوں تو پھر تیرے فضل ہی کا سہارا ہے

فَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَتَفَضَّلْ عَلَيَّ اَللّٰهُمَّ وَانْطِقْنِيْ بِالْهُدٰى وَاَلْهِمْنِيْ

پس رحمت فرما محمد اور ان کی آل پر اور مجھ پر اپنا فضل وکرم کر اے معبود میری زبان کو ہدایت سے گویا فرما مجھے

التَّقْوٰى وَوَفِّقْنِيْ لِلَّتِيْ هِيَ اَزْكٰى وَاسْتَعْمِلْنِيْ بِمَا هُوَ اَرْضٰى اَللّٰهُمَّ اسْلُكْ بِيَ

پرہیزگاری سکھا دے مجھے اس کام کی توفیق دے جو پسندیدہ ہو اور اس عمل کی ہمت دے جس پر تو راضی ہو اے معبود مجھ کو

الطَّرِيْقَةَ الْمُثْلٰى وَاجْعَلْنِيْ عَلٰى مِلَّتِكَ اَمُوْتُ وَاَحْيَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ

سیدھی راہ پر ڈال دے مجھے اپنے دین پر رکھ کہ اسی میں مروں اور جیوں اے معبود! رحمت فرما محمدؐ اور ان کی

وَّاٰلِهٖ وَمَتِّعْنِيْ بِالْاِقْتِصَادِ وَاجْعَلْنِيْ مِنْ اَهْلِ السَّدَادِ وَمِنْ اَدِلَّةِ الرَّشَادِ وَمِنْ

آل پر اور مجھے میانہ روی کی توفیق دے مجھے ان لوگوں میں رکھ جو نیک کردار ہدایت کے رہنما اور لوگوں میں سب

صَالِحِي الْعِبَادِ وَارْزُقْنِيْ فَوْزَ الْمَعَادِ وَسَلَامَةَ الْمِرْصَادِ اَللّٰهُمَّ خُذْ لِنَفْسِكَ

سے زیادہ خوش اطوار ہیں نیز مجھے آخرت میں کامیابی اور قیامت میں امن عطا کر اے معبود میرے نفس میں سے وہ

مِنْ نَفْسِيْ مَا يُخَلِّصُهَا وَاَبْقِ لِنَفْسِيْ مِنْ نَفْسِيْ مَا يُصْلِحُهَا فَاِنَّ نَفْسِيْ هَالِكَةٌ اَوْ تَعْصِمَهَا

حصہ لے جو پاکیزہ و خالص ہے اور میرے لیے نفس کا وہ حصہ رہنے دے جو اسے سنوارے میرا نفس خرابی میں پڑنے والا ہے مگر تو اسے

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ عُدَّتِيْ اِنْ حَزِنْتُ وَاَنْتَ مُنْتَجَعِيْ اِنْ حُرِمْتُ وَبِكَ اسْتِغَاثَتِيْ اِنْ كَرِثْتُ

بچانے والا ہے۔ اے معبود تو میرا آسرا ہے اگر مجھے غم لگے تو مجھے دینے والا ہے اگر میں محروم رہ جاؤں تجھ سے فریاد کرتا ہوں اگر مصیبت آپڑے اور

وَعِنْدَكَ مِمَّا فَاتَ خَلَفٌ وَّلِمَا فَسَدَ صَلَاحٌ وَّفِيْمَا اَنْكَرْتَ تَغْيِيْرٌ فَامْنُنْ عَلَيَّ

تو دیتا ہے اس کی بجائے جو کچھ ضائع ہو جائے اور تو بناتا ہے وہ کام جو بگڑ جائے اور جو ناپسند ہو اسے بدل دیتا ہے پس احسان فرما مجھ پر کہ

قَبْلَ الْبَلَاۗءِ بِالْعَافِيَةِ وَقَبْلَ الطَّلَبِ بِالْجِدَةِ وَقَبْلَ الضَّلَالِ بِالرَّشَادِ

بلا آنے سے پہلے امان دے مانگنے سے پہلے عطا کر دے گمراہی سے پہلے ہدایت بخش دے

وَاكْفِنِيْ مَؤُوْنَةَ مَعَرَّةِ الْعِبَادِ وَهَبْ لِيْ اَمْنَ يَوْمِ الْمَعَادِ وَامْنَحْنِيْ حُسْنَ

لوگوں کے سامنے شرمندگی سے بچائے رکھ قیامت کے دن آسائش عطا فرما اور بہترین رہبری سے

الْاِرْشَادِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَادْرَاْ عَنِّيْ بِلُطْفِكَ وَاغْذُنِيْ بِنِعْمَتِكَ

بہرہ ور کر دے اے معبود! رحمت فرما محمد اور ان کی آل پر اور اپنے کرم سے میری تکلیف دور کر اپنی نعمتوں سے رزق دے اپنی

وَاَصْلِحْنِيْ بِكَرَمِكَ وَدَاوِنِيْ بِصُنْعِكَ وَاَظِلَّنِيْ فِيْ ذَرَاكَ وَجَلِّلْنِيْ

مہربانی سے بھلائی عطا کر اپنی توجہ سے شفا عطا کر اپنے بلند مقام کے سائے میں رکھ اپنی رضا کا

رِضَاكَ وَوَفِّقْنِي إِذَا اشْتَكَلَتْ عَلَيَّ الْأُمُورُ لِأَهْدَاهَا وَإِذَا تَشَابَهَتِ

لباس پہنا اور مشکل کاموں میں مجھے صحیح راہ اختیار کرنے کی توفیق دے جب اعمال میں شک ہو تو ان میں

الْأَعْمَالُ لِأَزْكَاهَا وَإِذَا تَنَاقَضَتِ الْمِلَلُ لِأَرْضَاهَا اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ

بہترین عمل کی ہمت دے اور گروہوں کے اختلاف میں بہترین گروہ کے ساتھ رکھ اے معبود رحمت نازل کر محمدؐ

وَآلِهِ وَتَوِّجْنِي بِالْكِفَايَةِ وَسُمْنِي حُسْنَ الْوِلَايَةِ وَهَبْ لِي صِدْقَ الْهِدَايَةِ

اور ان کی آل پر اور مجھے کفایت کی عزت دے مجھے اچھی دوستداری عطا کر مجھے بہترین ہدایت سے بہرہ یاب فرما

وَلَا تَفْتِنِّي بِالسَّعَةِ وَامْنَحْنِي حُسْنَ الدَّعَةِ وَلَا تَجْعَلْ عَيْشِي كَدًّا كَدًّا

مجھے وسعت رزق سے مت آزما مجھے آسانی و سہولت دے اور میری زندگی کو سخت و دشوار نہ بنا

وَلَا تَرُدَّ دُعَائِي عَلَيَّ رَدًّا فَإِنِّي لَا أَجْعَلُ لَكَ ضِدًّا وَلَا أَدْعُو مَعَكَ نِدًّا

میری دعا کو عدم قبول سے میری طرف نہ پلٹا کیونکہ میں کسی کو تیرا مقابل نہیں ٹھہراتا اور تیرے ساتھ کسی اور کو نہیں پکارتا

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ وَآلِهِ وَامْنَعْنِي مِنَ السَّرَفِ وَحَصِّنْ رِزْقِي مِنَ

اے معبود رحمت فرما محمدؐ اور ان کی آل پر اور مجھے فضول خرچی سے روکے رکھ میرے رزق کو ضائع ہونے

التَّلَفِ وَوَفِّرْ مَلَكَتِي بِالْبَرَكَةِ فِيهِ وَأَصِبْ بِي سَبِيلَ الْهِدَايَةِ لِلْبِرِّ

سے محفوظ فرما میری ملکیتی چیزوں میں برکت عطا کر اور مجھے راہ ہدایت پر چلا تاکہ اپنے مال کو تیرے نام پر

فِيمَا أُنْفِقُ مِنْهُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ وَآلِهِ وَاكْفِنِي مَؤُونَةَ الْاِكْتِسَابِ

خرچ کروں اے معبود رحمت نازل فرما محمدؐ اور ان کی آل پر اور مجھے روزی کمانے میں سختی سے بچا

وَارْزُقْنِي مِنْ غَيْرِ احْتِسَابٍ فَلَا أَشْتَغِلَ عَنْ عِبَادَتِكَ بِالطَّلَبِ وَلَا

مجھے بے حساب رزق عنایت فرما کہ اس کی طلب میں تیری عبادت کو نہ بھول جاؤں اور نہ

أَحْتَمِلَ إِصْرَ تَبِعَاتِ الْمَكْسَبِ اَللّٰهُمَّ فَأَطْلِبْنِي بِقُدْرَتِكَ مَا أَطْلُبُ وَ

حصول مال کی سختیوں میں گھرا رہوں اے معبود! جس چیز کی مجھے طلب ہے وہ اپنی قدرت سے مجھے عطا کر اور

أَجِرْنِي بِعِزَّتِكَ مِمَّا أَرْهَبُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ وَآلِهِ وَصُنْ

جس چیز سے ڈرتا ہوں اس سے اپنے غلبے کے ساتھ پناہ دے اے معبود رحمت فرما محمدؐ اور ان کی آل پر اور

وَجْهِي بِالْيَسَارِ وَلَا تَبْتَذِلْ جَاهِي بِالْإِقْتَارِ فَأَسْتَرْزِقَ أَهْلَ رِزْقِكَ وَ

فراخی دے کر میری عزت کو بچا اور تنگدستی سے میری آبرو کو بٹہ نہ لگنے دے کہ مبادا تیرے رزق خوروں سے مانگوں اور

اَسْتَعْطِيَ شِرَارَ خَلْقِكَ فَاُفْتَتَنَ بِحَمْدِ مَنْ اَعْطَانِيْ وَاُبْتَلٰى بِذَمِّ مَنْ

تیری مخلوق میں بُرے لوگوں سے سوال کروں تو دینے والے کی تعریف کرنے اور نہ دینے والے کی بُرائی کرنے میں پھنسا

مَنَعَنِيْ وَاَنْتَ مِنْ دُوْنِهِمْ وَلِيُّ الْاِعْطَاۤءِ وَالْمَنْعِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ

رہوں جب کہ تو دینے اور نہ دینے میں ان سے زیادہ بااختیار ہے۔ اے معبود رحمت فرما محمد اور ان کی آل پر

وَّ اٰلِهٖ وَارْزُقْنِيْ صِحَّةً فِيْ عِبَادَةٍ وَّفَرَاغًا فِيْ زَهَادَةٍ وَّعِلْمًا فِي اسْتِعْمَالٍ وَّ

اور مجھے نصیب کر عبادت میں صحت وسلامتی زہد وقناعت میں خوشحالی علم کے عمل کی ہمت اور امور دنیا

وَرَعًا فِيْ اِجْمَالٍ اَللّٰهُمَّ اخْتِمْ بِعَفْوِكَ اَجَلِيْ وَحَقِّقْ فِيْ رَجَاۤءِ رَحْمَتِكَ اَمَلِيْ

میں پرہیزگاری عطا فرما۔ اے معبود میری زندگی کا خاتمہ بخشش پر کر میری آرزو اپنی رحمت کی طرف لگائے اپنی

وَسَهِّلْ اِلٰى بُلُوْغِ رِضَاكَ سُبُلِيْ وَحَسِّنْ فِيْ جَمِيْعِ اَحْوَالِيْ عَمَلِيْ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى

رضا تک پہنچنے کی راہیں آسان بنادے اور میرے تمام اعمال میں بہتری پیدا کردے۔ اے معبود! رحمت فرما محمد اور

مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهٖ وَنَبِّهْنِيْ لِذِكْرِكَ فِيْ اَوْقَاتِ الْغَفْلَةِ وَاسْتَعْمِلْنِيْ بِطَاعَتِكَ فِيْ

ان کی آل پر اور غفلت کی گھڑیوں میں مجھے اپنے ذکر کے لیے ہوشیار بنا اور زندگی کے ایام میں مجھے اپنی فرمانبرداری

اَيَّامِ الْمُهْلَةِ وَانْهَجْ لِيْ اِلٰى مَحَبَّتِكَ سَبِيْلًا سَهْلَةً اَكْمِلْ لِيْ بِهَا خَيْرَ

میں لگا، مجھے اپنی محبت کی طرف آسان راستے پر چلا اور اس سے مجھے دنیا آخرت کی بھلائی عطا

الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهٖ كَاَفْضَلِ مَا صَلَّيْتَ عَلٰى

کر۔ اے معبود! رحمت فرما محمد اور ان کی آل پر بہترین رحمت جو تو نے ان سے

اَحَدٍ مِّنْ خَلْقِكَ قَبْلَهٗ وَاَنْتَ مُصَلٍّ عَلٰى اَحَدٍ بَعْدَهٗ وَاٰتِنَا فِي

پہلے اپنی مخلوق میں سے کسی ایک پر فرمائی اور جو ان کے بعد کسی پر فرمائی ہے اور ہمیں بھلائی نصیب کر دنیا

الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنِيْ بِرَحْمَتِكَ عَذَابَ

میں اور بھلائی عطا کر آخرت میں اور مجھے اپنی رحمت کے ساتھ آتش جہنم سے

النَّارِ

بچائے رکھ